# 31-12-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ حکومت گریٹر حیدرآباد کو آلودگی سے پاک شہر بنائے گی۔انہوں نے کہا کہ اس ضمن میں پلاسٹک کے استعمال پر مکمل پابندی عائد کی جائے گی۔

۲۔آنے والے سال اپریل سے دوسرے مرحلہ کے اندراماں مکانات منظور کرنے کا ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی نے کیا اعلان۔

۳۔ آج رات ہونے والی نئے سال کی تقریبات کے دوران کسی بھی ناخوشگوار واقعہ کی روک تھام کیلئے حیدرآباد پولیس نے سخت پابندیاں نافذ کی ہیں۔

اور

۴۔محکمہ موسمیات نے ریاست میں آنے والے دو دن کے دوران اقل ترین درجہ حرارت تین ڈگری سے چار ڈگری کم ہونے کا امکان ظاہر کیا ہے جبکہ 6 اضلاع کیلئے ایلو الرٹ جاری کیا گیا۔

Production

یہ سال ملک کے ترقیاتی سفر میں ایک اہم باب کے طور پر کھڑا ہے۔ یہ وہ دور ہے جس میں حکومت کی پالیسیاں ترقی کے میدان میں اثر انگیز ثابت ہوئیں۔اصلاحات کے اس سال میں 2025ء کی سیریز میں آیئے دیکھتے ہیں کہ ملک کس طرح دنیا کا نیا پیداواری مرکز بن کر ابھرا۔

Voicecast

اس سال ملک نے صنعتی اور معاشی ترقی میں 7.8 فیصد متوقع شرحِ نمو کے ساتھ ایک فیصلہ کن مرحلہ طے کیا ہے۔ بڑھتی ہوئی غیر ملکی براہِ راست سرمایہ کاری اور پھیلتی ہوئی صنعتی صلاحیت کے باعث ملک تیزی سے ترقی کرنے والی منڈی اور ایک بڑے عالمی پیداواری مرکز کے طور پر مستحکم ہوا ہے۔

ملک کی پہلی ٹیمپرڈ گلاس مینوفیکچرنگ فیکٹری اس سال نوئیڈا میں شروع ہوئی ہے جس سے یہ ثابت ہوا کہ اب ملک پیچیدہ مصنوعات کی تیاری بھی کرنے لگا ہے۔اسی طرح توانائی کے شعبے میں ملک 100 جی ڈبلیو شمسی توانائی کی صلاحیت حاصل کرتے ہوئے اہم سنگِ میل کو عبور کیا ہے۔

Sound Byte PM  Modi

ملککے ہوابازی کے شعبے میں بھی اس سال نمایاں پیش رفت ہوئی۔ دو ہزار سے زائد نئے طیاروں کی شمولیت کے ساتھ، 2030 تک 63 کروڑ مسافروں کے سفر کی توقع ہے جس سے ایوی ایشن مینوفیکچرنگ سیکٹر کو مزید ترقی  ملی۔اس صنعتی ترقی نے لاکھوں افراد کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کئے۔ صرف الیکٹرانکس کے شعبے میں ہی تقریباً25 لاکھ نوکریاں فراہم ہوئیں۔اس طرح ملک دنیا کی سب سے اہم پیداواری اور برآمدی معیشتوں میں سے ایک کے طور پر ابھر کر سامنے آیا ہے۔

Pariksha Pe Charcha 2026

وزیراعظم نریندر مودی کے پروگرام پرکشا پہ چرچہ نے ایک تاریخی سنگ میل کو عبور کرلیا ہے۔کل تک اس پروگرام  میں تین کروڑ سے زیادہ رجسٹریشن کا اندراج ہوا۔وزارت تعلیم نے کہا کہ اس پروگرام کو ملنے والی مقبولیت ایک عوامی تحریک کے طور پر ظاہر کرتی ہے۔ وزارت تعلیم نے کہا کہ ملک بھر میں اس پروگرامیں طلباء، والدین اور اساتذہ کی بڑی تعداد میں شرکت اس پروگرام کو ملنے والی عوامی مقبولیت کو ظاہر کرتی ہے۔

Revanth

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ حکومت گریٹر حیدرآباد کو آلودگی سے پاک شہر بنائے گی۔انہوں نے کہا کہ اس ضمن میں پلاسٹک کے استعمال پر مکمل پابندی عائد کی جائے گی۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ آؤٹر رنگ روڈ کے حدود میں کورار بن ریجن اکنامی۔کیور  کے علاقہ کو ایک منصوبہ بند طریقہ سے ترقی دی جارہی

ہے۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کل کمانڈ کنٹرول سنٹر میں محکمہ میونسپل اور شہری ترقیات کے عہدیداروں کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے کیور علاقہ کی ترقی اور دیگر امور پر زونل کمشنرس کو ضروری ہدایت دی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ کیور کے حدود شہر کو 12 زونس اور 60 سرکلس اور تین سو وارڈس میں توسیع کی گئی۔ انہوں نے نئے زونل کمشنرس کو ہر روز دورہ کرتے ہوئے عوامی مسائل کو حل کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے مہینہ میں تین بار صفائی کے لئے اسپیشل مہم چلانے کی بھی ہدایت دی۔

new year celebration

آج رات ہونے والی نئے سال کی تقریبات کے دوران کسی بھی ناخوشگوار واقعہ کی روک تھام کیلئے حیدرآباد پولیس نے سخت ٹریفک پابندیاں نافذ کی ہیں۔ پولیس کے مطابق یہ پابندیاں رات 11 بجے سے کل علی الصبح 2 بجے تک نافذ العمل رہیں گی۔ شہر میں داخل ہونے والی تمام خانگی گاڑیوں کو آؤٹر رنگ روڈ کے ذریعہ موڑنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ ٹینک بنڈ، نیکلس روڈ اور این ٹی آر مارگ جیسے مصروف علاقوں میں رات 11 بجے سے صبح 2 بجے تک گاڑیوں کی آمدورفت مکمل طور پر پابندی رہے گی۔ پولیس نے بتایا کہ شہر 217 علاقہ جات میں چیک پوسٹ قائم کرتے ہوئے جانچ کی جائے گی۔ ڈرنک اینڈ ڈرائیو کے خلاف مہم رات 8 بجے سے ہی شروع ہوگی۔ پولیس نے کہا کہ حالت میں گاڑی چلانے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

Durga Rao

آکاش وانی کے سینئر نیوز ریڈر گدے درگا راؤ آج اپنے عہدہ سے سبکدوش ہوئے۔ 30 سال سے زیادہ نیوز ریڈر کی حیثیت سے خدمات انجام دیتے ہوئے آج اپنے عہدہ سے سبکدوش ہوئے ہیں۔ انہوں نے 1994ء میں نیودہلی نیوز سرویس ڈویژن میں اپنی ملازمت کی زندگی کا آغاز کیا تھا اور بعدازاں حیدرآباد۔ وجئے واڑہ علاقائی خبروں میں خدمات انجام دی اور دہلی میں تلگو نیوز ہیڈ کے طور پر

بھی خدمات انجام دئے ہیں اور حیدرآباد کوتلگو نیوز یونٹ کی منتقلی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔انہوں نے اپنی خدمات کے ذریعہ عوام کا دل بھی جیت لیا ہے اور کئی ایوارڈس بھی حاصل کئے ہیں۔آج ان کی سبکدوشی پرآکاش وانی کے عملہ نے ان کو مبارکباد دی۔

Ponguleti Srinivasa Reddy

ریاستی وزیر سرینواس ریڈی نے کھمم ضلع کے کلورمنڈل میں آج پندرہ کروڑ روپیوں کی لاگت کے مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔اس موقع پر ریاستی وزیر نے کہا کہ آئندہ دنوں میں حکومت ہر گاؤں کو بہتر روڈ اور بنیادی سہولتیں فراہم کرے گی۔انہوں نے کہا کہ آنے والے سال اپریل سے دوسرے مرحلہ کے اندراماں مکانات کو منظوری دی جائے گی۔

Weather

محکمہ موسمیات نے کہا کہ ریاست کے مختلف اضلاع میں سرد ہوائیں چل رہی ہیں۔آئندہ دو دنوں کے دوران بعض علاقہ جات میں اقل ترین درجہ حرارت تین ڈگری سے چار ڈگری کم ریکارڈ ہونے کے امکانات ہیں۔عادل آباد، کمرم بھیم، آصف آباد، منچریال، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی اضلاع کیلئے ایلوالرٹ جاری کیا گیا ہے۔

Uttam

ریاستی وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی نے کہا کہ پولاورم بنکاچرلہ پروجیکٹ کو سی ڈبلیوسی نے اجازت نہیں دی ہے۔انہوں نے بی آر ایس کے رکن اسمبلی ہریش راؤ کی جانب سے دئے جانے والے بیانات پر برہمی کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ ہریش راؤ جھوٹے بیانات دے رہے ہیں۔اتم کمار ریڈی نے پروجیکٹوں سے متعلق انجینئروں کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔اس موقع پر اتم کمار ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ حکومت آندھراپردیش کی جانب سے عمل میں لائے جانے والے پولاورم بنکاچرلہ۔نلاملا ساگر لنک پروجیکٹ کو تلنگانہ حکومت سیاسی اور قانونی طور پر روک لگائے گی۔

Ponnam Prabhakar

ریاستی وزیرٹرانسپورٹ پرنم پر بھاکر نے کل سے منعقد ہونے والے قومی تحفظ سڑک تقاریب میں حصہ لینے عوام پر زور دیا۔ انھوں نے تحفظ سڑک پروگراموں میں ریاست کے تمام اضلاع اور منڈلوں اور دیہاتوں کے عوام کو حصہ لینے پر زور دیا۔ انھوں نے طلبہ سے کہا کہ وہ تحفظ سڑک قوانین پر عمل کرنے کیلئے وہ اپنے والدین کو ایک دستاویز دیں۔

Kunamneni

سی پی آئی کے رکن اسمبلی کونم نینی سامبا شیوا راؤ نے اسمبلی کے سرمائی اجلاس کو 10 دنوں تک چلانے کا حکومت سے مطالبہ کیا۔ انھوں نے کل اسمبلی کے اسپیکر پرساد کمار کو ایک خط لکھا جس میں اس کا مطالبہ کیا۔ انھوں نے اسمبلی میں ہر روز ہونے والے مباحث کے ایجنڈہ کو ایک روز پہلے شام تک ارکان کو فراہم کرنے کی بھی مانگ کی۔

Uria

ریاستی وزیر ٹی ناگیشور راؤ نے کہا کہ ریاست بھر کے تمام اضلاع میں ضلع کلکٹروں کی نگرانی میں یوریا کو سربراہ کیا جارہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ یوریا کی سربراہی کیلئے محکمہ زراعت کے عہدیداروں کو اسپیشل آفیسر کے طور پر مقرر کیا گیا ہے۔ یوریا کا غیر قانونی ذخیرہ اور بلیک مارکیٹنگ کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ انھوں نے کل سکریٹریٹ میں یوریا کی سربراہی پر ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ اس موقع پر انھوں نے کہا کہ ریاست میں ربیع سیزن کیلئے یوریا کی کوئی قلت نہیں ہے۔

Eatala Rajendar

رکن پارلیمنٹ ایٹلا راجندر نے کروڑوں روپیوں کے خرچ کے ذریعہ تعمیر کئے گئے سوچترا اسنٹر ریلوے اسٹیشن کے آغاز کے ڈیڑھ سال بعد بھی عدم استعمال میں ہونے پر ناراضگی کا اظہار کیا۔ انھوں نے اس

اسٹیشن کو عوام کی خدمت میں لانے کیلئے کیا اقدامات کرنا ہے اس پر ایک رپورٹ تیار کرنے عہدیداروں کو ہدایت دی۔

Toll Plaza

ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے سنکرانتی تہوار کے ضمن میں حیدرآباد، وجئے واڑہ قومی شاہراہ پر ٹول فیس کے ذریعہ گاڑیوں کے ٹرانسپورٹ کی اجازت دینے کا مرکزی وزیر نتن گڈکری سے مطالبہ کیا۔ اس ضمن میں انہوں نے مرکزی وزیر نتن گڈکری کو ایک خط بھی لکھا۔ انہوں نے جنوری 9 سے 14 جنوری تک حیدرآباد سے وجئے واڑہ کے راستہ اور جنوری 16 سے 18 تک وجئے واڑہ سے حیدرآباد کے راستہ کیلئے ٹول فیس کے بغیر مفت سفر کی سہولت فراہم کرنے کا مرکزی وزیر سے مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ سنکرانتی تہوار کے دنوں میں 200 فیصد زیادہ ٹرافک پائی جاتی ہے۔

❍❍